**20.10.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

---------------------------------

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی وارانسی سے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کرنے والے ہیں۔ اِن میں پانچ ریاستوں میں ہوائی اڈوں کے سات پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد رکھنا شامل ہے، جن کی مالیت چھ ہزار 100 کروڑ روپے سے زیادہ ہوگی۔

☆ جموں و کشمیر میں بارہمولہ ضلعے کے اُوڑی علاقے میں کنٹرول لائن کے نزدیک سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان تصادم کی اطلاع ملی ہے۔

☆ Prabowo Subianto انڈونیشیا کے صدر کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھال رہے ہیں۔

☆ غزہ میں اسرائیل کے حملے میں 70 سے زیادہ افراد مارے گئے ہیں۔

☆ 19ویں دلّی Half میراتھن میں یوگینڈا کے Joshua Cheptegei نے مردوں کے زمرے کا ٹائٹل جیت لیا ہے، جبکہ Ethiopia کی Alemaddis Eyayu نے خواتین کے زمرے میں اوّل مقام حاصل کیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، بنگلورو میں کھیلے گئے پہلے ٹسٹ میچ میں نیوزی لینڈ نے بھارت کو 8 وکٹ سے ہرا دیا ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM - VARANASI**

وزیر اعظم نریندر مودی آج اپنے پارلیمانی حلقے وارانسی میں تقریباً چھ ہزار 100 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کا آغاز کرنے والے ہیں۔ جناب مودی اب سے کچھ دیر بعد دو بجے کے آس پاس کاشی پہنچیں گے اور RJ

Sankara Eye اسپتال کا افتتاح کریں گے۔ مذکورہ اسپتال میں آنکھوں کے مختلف امراض کے تعلق سے جامع صلاح اور علاج معالجے کی سہولت دستیاب ہوگی۔ اس موقع پر وزیر اعظم وہاں موجود لوگوں سے خطاب بھی کریں گے۔

کنکٹی ویٹی کو بڑھاوا دینے کے اپنے عہد کے عین مطابق جناب مودی وارانسی میں لال بہادر شاستری بین الاقوامی ہوائی اڈے پر رَن وے کی توسیع اور نئی ٹرمینل عمارت کی تعمیر کا سنگِ بنیاد رکھیں گے ، جس پر تقریباً دو ہزار 870 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔

جناب مودی آگرہ ، دربھنگہ اور باگ ڈوگرا ہوائی اڈے پر New Civil Enclave کا ورچوئل وسیلے سے سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے اور Riwa ہوائی اڈے، ماں مہا مایا ہوائی اڈے، امبیکا پور اور سَرساوا ہوائی اڈے کی نئی ٹرمینل عمارتوں کا افتتاح کریں گے۔

وزیر اعظم کھیلو انڈیا اسکیم اور اسمارٹ سٹی مشن کے تحت 210 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے وارانسی اسپورٹس کمپلیکس کی تزئین کاری کے دوسرے اور تیسرے مرحلے کا افتتاح بھی کریں گے۔

وزیر اعظم وارانسی کے Sigra اسٹیڈیم میں، جس پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے، اُس کا مقصد جدید طرز کا ایک اسپورٹس کمپلیکس قائم کرنا ہے، جہاں عمدہ کارکردگی سے متعلق ایک قومی مرکز ، کھلاڑیوں کے ہاسٹل، اسپورٹس سائنس سینٹر، مختلف کھیلوں کیلئے مشق کرنے کے میدان، اِنڈور شوٹنگ رینج اور دیگر سہولیات دستیاب ہوں گی۔ x

## BARAMULLA ENCOUNTER

جموں و کشمیر میں بارہمولہ ضلعے کے اُوڑی علاقے میں کنٹرول لائن کے نزدیک سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان تصادم کی اطلاع ملی ہے۔ سکیورٹی فورسز کی جانب سے وہاں مشکوک نقل و حرکت کا نوٹس لئے جانے کے بعد یہ جھڑپ شروع ہوئی۔

سری نگر کے Chinar Corps کی ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے مطابق بھارتی فوج اور جموں و کشمیر پولیس نے علاقے میں مشترکہ طور پر دراندازی مخالف کارروائی شروع کردی ہے۔ سکیورٹی فورسز نے، جب دہشت گردوں کو للکارا تو انہوں نے اندھا دھند فائرنگ شروع کردی۔ سکیورٹی دستوں نے موثر انداز سے جوابی کارروائی کی اور اس کے بعد گولی باری شروع ہوگئی۔ آخری خبریں ملنے تک کارروائی جاری تھی۔ x

## DELHI POLICE EXPLOSION

دلّی کے روہنی علاقے میں آج صبح CRPF اسکول کے باہر ایک دھماکہ ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ دلّی پولیس کے اہلکار جائے واردات پر گئے ہیں، جہاں اسکول کی دیوار کو نقصان پہنچنے کی بات سامنے آئی ہے۔ اِس کے علاوہ

نزدیک کی دوکان اور وہاں کھڑی ہوئی کار کے شیشوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ پولیس نے بتایا ہے کہ اس واقعے میں کوئی بھی شخص زخمی نہیں ہوا۔

جانچ ٹیم ، فارینسک سائنس لیباریٹری کی ٹیم اور بم کو ناکارہ بنانے والے دستے کے اہلکار وہاں گئے ہیں اور تفتیش جاری ہے۔ x

## RAJASTHAN ROAD ACCIDENT

راجستھان کے Dholpur میں کل رات قومی شاہراہ پر ایک سڑک حادثے میں کم از کم 12 افراد کی موت ہوگئی۔ ایک Sleeper Bus اور ایک آٹو رکشا کے ٹکرانے سے یہ حادثہ پیش آیا۔ مرنے والوں میں زیادہ تر خواتین اور بچے تھے۔ یہ لوگ ایک شادی کی تقریب کے بعد واپس آرہے تھے۔ بس ڈرائیور اور کنڈکٹر کی حالت نازک بتائی گئی ہے۔ یہ دونوں ہی ضلع اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ x

## JHARKHAND - RJD DISPUTE

راشٹریہ جنتا دَل RJD نے آئی این ڈی آئی اے بلاک کی اتحادی پارٹیوں میں سیٹوں کی حصہ داری پر ناخوشی کا اظہار کیا ہے۔ پارٹی کے سرکردہ لیڈر منوج کمار جھا نے کہا کہ سیٹیں الاٹ کرنے سے پہلے پارٹی سے صلاح و مشورہ نہیں کیا گیا۔

SB - 1400 - Manoj Kumar Jha

دوسری طرف ریاستی کانگریس کے سابق سربراہ راجیش ٹھاکر نے RJD کے الزامات کی تردید کی ہے اور کہا ہے کہ سیٹوں میں حصہ داری سے قبل آئی این ڈی آئی اے بلاک کے سبھی اتحادیوں سے صلاح و مشورہ کیا گیا تھا۔

SB - 1400 - Rajesh Thakur Jharkhnad

## PREZ - NATIONAL WATER AWARD

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو منگل کے روز نئی دلّی میں 2023 کے پانچویں قومی Water ایوارڈز عطا کریں گی۔ جَل شکتی محکمے کی مرکزی وزارت نے 9 زمروں میں 38 فاتحین کا اعلان کیا ہے۔ اِن میں بہترین ریاست، ضلع، گاؤں، پنچایت، شہری مقامی ادارہ، انجمن اور بہترین Civil سوسائٹی شامل ہے۔

بہترین ریاست کے زمرے میں اوّل انعام اڈیشہ کو، دوسرا اتر پردیش کو اور تیسرا گجرات اور پدوچیری کو مشترکہ طور پر دیا جائے گا۔ یہ ایوارڈ ایک توصیف نامے، ٹرافی اور بعض زمروں میں نقد انعام پر مشتمل ہوتا ہے۔ وزارت نے

کہا ہے کہ قومی Water ایوارڈس کے تحت جَل سَمِردھ بھارت کے سرکار کے نظریے کی تکمیل میں ملک بھر میں مختلف افراد اور اداروں کے اچھے کام اور اُن کی کوششوں پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔ x

## PRESIDENT VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، افریقہ کے تین ملکوں الجیریا، موریطانیہ اور ملاوی کے اپنے غیر ملکی دورے کے بعد نئی دہلی پہنچ گئی ہیں۔ یہ دورہ بھارت کی صدارت کے دوران افریقی یونین کو G20 کا مستقل رکن بنائے جانے کے ایک سال بعد ہوا ہے۔ ہفتہ بھر کے اپنے دورے کے دوران، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے تینوں ممالک کی قیادت کے ساتھ دو طرفہ ملاقاتیں کیں اور وہاں مقیم بھارتی برادری سے بات چیت کی۔ اس دورے سے افریقی ملکوں کے ساتھ اپنے موجودہ خوشگوار تعلقات کو مزید مستحکم کرنے سے متعلق بھارت کے مضبوط عزم کی تصدیق ہوتی ہے۔x

## DELHI AIR QUALITY

دلّی قومی راجدھانی خطے میں ہوا کی کوالٹی اب بھی خراب کے زمرے میں ہے۔ فضائی آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق دلّی میں ہوا کی کوالٹی کا اشاریہ آج صبح 10بجے 265 ریکارڈ کیا گیا۔

دلّی اور قومی راجدھانی خطے میں دھوئیں اور دھند کی موٹی پرت چھائی رہی۔ x

## ASSAM - CYBER SECURITY

آسام میں سائبر جرائم سے نمٹنے کیلئے ایک نیشنل سائبر فارینسک لیباریٹری قائم کی جائے گی۔ کُل رات آکاشوانی گواہاٹی کے ہفتے وار پروگرام Dristipat میں شرکت کرتے ہوئے، CID کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل مُنّا پرساد گپتا نے بتایا کہ اِس سلسلے میں ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے گئے ہیں۔ جناب گپتا نے یہ بھی کہا کہ مختلف سطحوں پر پولیس اہلکاروں کو تربیت کے ساتھ ساتھ تھانوں میں ضروری سائبر آلات اور ساز و سامان فراہم کیا جارہا ہے۔ x

## INDONESIA - PREZ

انڈونیشیا میں Prabowo Subianto نے صدر کے عہدے کی ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ انڈونیشیا، دنیا کی تیسری سب سے بڑی جمہوریت ہے۔ Prabowo انڈونیشیا کے آٹھویں صدر ہیں، جو سب سے زیادہ مسلم آبادی والا ملک ہے۔ خصوصی فورسز کے 73 سالہ سابق کمانڈر نے 14 فروری کے انتخابات میں تقریباً 60 فیصد ووٹ کے ساتھ

کامیابی حاصل کی تھی۔ انہوں نے اسکولی بچوں کیلئے مفت کھانے جیسی پالیسیوں کے ساتھ انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل کی۔ x

## ISRAEL ATTACK - IDF

غزہ کے شمالی حصے میں Beit Lahiya میں اسرائیل کے حملے میں 70 سے زیادہ افراد کے مارے جانے کی اطلاع ملی ہے۔ یہ اندیشہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ کئی لوگ ملبے کے نیچے بھی دبے ہوسکتے ہیں۔ غزہ کے سرکاری میڈیا دفتر کے مطابق مرنے والوں کی تعداد بڑھنے کا امکان ہے۔ بچاؤ کارروائی جاری ہے۔

16 دن سے جاری اسرائیلی فوج کے محاصرے کے وجہ سے غزہ کے شمالی خطے میں لوگوں کو شدید بحران کا سامنا ہے۔ اِس محاصرے کے سبب علاقے میں غذائی اشیاء ، پانی اور طبی رسد جیسی اہم خدمات کی فراہمی ٹھپ ہوکر رہ گئی ہے۔

البتہ اسرائیل کی دفاعی افواج نے 70 سے زیادہ اموات کے حماس کے دعوے پر سوال کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ تعداد بڑھا چڑھا کر پیش کی جا رہی ہے۔x

## DELHI HALF MARATHON

آج قومی راجدھانی میں 19ویں دہلی ہاف میراتھن کا انعقاد کیا گیا۔ یوگینڈہ کے اولمپک چمپئن Joshua-Cheptegei نے مردوں کی دوڑ جیتی - جبکہ خواتین کے زمرے میں، ایتھوپیا کی Alemaddis-Eyayu نے اول مقام حاصل کیا۔ جواہر لال نہرو اسٹیڈیم سے شروع ہوئی اس میراتھن میں ہزاروں افراد نے حصہ لیا۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے، بھارتی بحریہ کے سربراہ، ایڈمیرل دنیش کے ترپاٹھی نے کہا کہ میراتھن کا ماحول بہت پرجوش تھا اور یہ دوڑ فِٹ انڈیا موومنٹ کی ایک بہترین اور مکمل مثال تھی۔

S/B - Dinesh K. Tripathi

## CRICKET INDIA - NZ

بنگلورو میں ایم چنّا سوامی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے پہلے ٹسٹ میچ میں نیوزی لینڈ نے بھارت کو 8 وکٹ سے ہرا دیا ہے۔ اس طرح نیوزی لینڈ نے تین میچوں کی سیریز میں ایک - صفر کی سبقت حاصل کرلی ہے۔

نیوزی لینڈ نے 107 رَن کا جیت کا نشانہ 2 وکٹ کھوکر حاصل کرلیا۔ اُس نے 28 اوور میں ہی مطلوبہ رَن

بنا لئے۔

بھارت نے کُل اپنی دوسری اننگز میں 462 رَن بنائے تھے اور اِس طرح مجموعی طور پر 106 رَن کی سبقت حاصل کرلی تھی۔

گذشتہ 36 سال میں بھارت میں نیوزی لینڈ نے پہلی بار کوئی ٹسٹ میچ جیتا ہے۔ x

## INDIA SQUAD AFC

بھارت کے 17 سال سے کم عمر کے لڑکوں کی قومی ٹیم کے ہیڈکوچ اشفاق احمد نے AFC-U17-Asian Cup-2025 کوالیفائرس کے لیے ایک 23 رکنی ٹیم کا اعلان کیا ہے۔ یہ چمپئن شپ 23 اکتوبر سے 27 اکتوبر تک تھائی لینڈ میں ہوگی۔ بھارت کو گروپ - ڈی میں رکھا گیا ہے۔ جہاں 23 اکتوبر کو بھارت کا مقابلہ برونیٹی دارالسلام سے ہوگا۔ جبکہ 25 اکتوبر کو بھارت ترکمانستان سے اور 27 اکتوبر کو میزبان تھائی لینڈ کا سامنا کرے گا۔ کوالیفائنگ مرحلے میں دس گروپ شامل ہیں۔ ہر گروپ کی فاتح ٹیم اور دوسرے مقام پر آنے والی پانچ بہترین ٹیمیں، سعودی عرب میں ہونے والے AFC-U-17 ایشیئن کپ -2025 میں کھیلیں گی۔x

## CR SPECIAL TRAIN

آنے والے تہواروں دیوالی اور چھٹ پوجا کی وجہ سے شمالی اور مشرقی ریاستوں کا سفر کرنے والے مسافروں کی بھاری بھیڑ سے نمٹنے کیلئے سینٹرل ریلوے نے ممبئی، پونے اور ناگپور سمیت مہاراشٹر کے مختلف مقامات سے کُل 570 خصوصی ٹرینیں چلانے کا اعلان کیا ہے۔ ان ٹرینوں میں اے سی اسپیشل، اے سی سلیپر اور جنرل کوچز والی خصوصی ٹرینیں اور غیر ریزرو اسپیشل ٹرینیں شامل ہیں۔

شمالی ریاستوں کے مسافروں کے لیے، سینٹرل ریلوے، مختلف مقامات کے لیے 378 ٹرینیں چلا رہا ہے جبکہ جنوبی ریاستوں کے مسافروں کے لیے 84 ٹرینیں چلائی جائیں گی۔

خصوصی ٹرینوں کے تفصیلی ٹائم ٹیبل کے لیے مسافر www.enquiry.indianrail.gov.in دیکھ سکتے ہیں۔x

☆☆☆☆